Press Note

March 03, 2020

Attributable to Raveesh Kumar, Official Spokesperson, MEA

پریس نوٹ

03 مارچ، 2020

وزارت برائے خارجہ امور کے سرکاری ترجمان رویش کمار سے منسوب

جنیوا میں ہمارے مستقل مشن کو کل شام کو اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے انسانی حقوق کے ذریعہ بتایا گیا کہ ان کے دفتر نے ہندوستانی سپریم کورٹ میں 2019 کے شہریت ترمیمی قانون (سی اے اے) کے سلسلے میں مداخلت کی درخواست دائر کی ہے۔

2۔ شہریت ترمیمی قانون بھارت کا اندرونی معاملہ ہے، اور اس کا تعلق قانون سازی کرنے کے لئے بھارتی پارلیمنٹ کے خود مختار حق سے ہے۔ ہم پختہ یقین رکھتے ہیں کہ ہندوستان کی خودمختاری سے متعلق امور میں کسی بھی غیر ملکی پارٹی کے پاس کوئی جواز نہیں ہے۔

3۔ ہم اس بات پر واضح ہیں کہ شہریت ترمیمی قانون آئینی طور پر درست ہے اور وہ ہماری آئینی اقدار کی تمام ضروریات کی تعمیل کرتا ہے۔ یہ تقسیم ہند کے سانحے سے پیدا ہونے والے انسانی حقوق کے امور کے سلسلے میں ہماری دیرینہ قومی وابستگی کا عکاس ہے۔

4۔ ہندوستان ایک جمہوری ملک ہے جہاں پر قانون کی حکمرانی ہے۔ ہم سب اپنی آزاد عدلیہ کا بے حد احترام کرتے ہیں اور ہمیں اس پر پورا اعتماد ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ ہماری مستحکم اور قانونی طور پر پائیدار پوزیشن سپریم کورٹ کی طرف سے درست ثابت ہوگی۔

نئی دہلی

03 مارچ، 2020

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.